ماڈیول نمبر4 سبق نمبر 26: مضمون نویسی

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں: سننا/ بولنا	زبان کی مہارتیں: پڑھنا	زبان کی مہارتیں: لکھنا	زبان کی مہارتیں: اصناف/ قواعد/ صنائع بدائع/ اسلوب	زندگی کی مہارتیں سرگرمیاں/ عملی کام
26	مضمون نویسی	• شخصیات، واقعات، معاملات اور مسائل وغیرہ پر تبصرہ کرنا اور دوسرے لوگوں کے خیالات سننا	• مختلف عنوانات پر مضامین پڑھنا	• اپنے مشاہدات، تجربات، خیالات اور تاثرات کا اظہار کرنا	• مضمون نویسی • قسمیں • اجزا • لکھنے کا طریقہ	• مختلف اقسام کے مضامین تحریر کرنا

مضمون نویسی کا تعارف

- مضمون نویسی سے کسی موضوع پر نئے زاویے سے سوچنے، خیالات کو یکجا کرنے، ترتیب دینے، مثالیں دے کر واضح کرنے اور مؤثر زبان میں لکھنے کی مشق ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں مضمون نویسی اپنی بات کو مناسب انداز سے پیش کرنے کا سلیقہ سکھاتی ہے۔ مضمون نویس کا اپنا ایک منفرد طرزِ تحریر ہوتا ہے، اس لیے کہ مضمون اس کی شخصیت کا پرتو ہوتا ہے۔

مضمون کی قسمیں: مضمون مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔

(1) **بیانیہ مضمون:** اس میں کسی چیز، واقعہ، مقام، تہوار یا کھیل وغیرہ کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(2) **تخیلی مضمون:** یہ کسی سماجی، سیاسی یا انفرادی مسئلے پر لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً بچہ مزدوری، ٹیلی ویژن کے اثرات، بجلی کے فوائد وغیرہ۔

(3) **تاثراتی مضمون:** مضمون نویس کسی واقعے سے متاثر ہوتا ہے اور اس کا اظہار اپنے طریقے سے کرتا ہے۔

مضمون کے اجزا ترکیبی: مضمون نویسی کو آسان بنانے کے لیے اسے تین خاص اجزا میں تقسیم کیا گیا ہے:

1۔ **آغاز:** آغاز کو تعارف یا تمہید بھی کہتے ہیں۔ مضمون کا آغاز کچھ اس طرح سے کرنا چاہیے کہ قاری پورا مضمون پڑھنے کے لیے آمادہ ہو جائے۔

2۔ **نفسِ مضمون:** مضمون کا درمیانی حصہ نفسِ مضمون کہلاتا ہے، جس میں موضوع کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے۔ مضمون کا یہ حصہ سب سے طویل ہوتا ہے۔ اسی لیے اسے کئی پیراگرافوں میں تقسیم کر کے اپنی بات کی وضاحت کی جاتی ہے۔

3۔ **اختتام:** مضمون کا آخری حصہ اختتام کہلاتا ہے۔ اس میں مضمون نگار کو اپنے خیالات کا نچوڑ پیش کرنا ہوتا ہے تاکہ پڑھنے والا متاثر ہو کر مضمون کے بارے میں اپنی رائے قائم کر سکے۔ کسی خوب صورت جملے یا مقولے پر اگر اختتام کیا جاتا ہے تو زیادہ پُر اثر ہوتا ہے۔

مضمون لکھنے کا طریقہ/ مضمون کا خاکہ

- اس سے پہلے کہ مضمون لکھنا شروع کریں، آپ اس کے تینوں اجزا سے متعلق موضوع و مواد کو ترتیب دے لیں۔ آسان زبان استعمال کریں۔ جملے چھوٹے چھوٹے لکھیں۔ ہر بات کے لیے ایک الگ پیراگراف قائم

کریں۔ جن الفاظ کا استعمال کریں، ان کا صحیح املا ضرور معلوم کر لیں، تا کہ کوئی غلطی نہ ہو۔ جملوں کی ساخت پر بھی دھیان دیں۔ یہاں ''چڑیا گھر کی سیر'' کے موضوع کے لیے بعض نکات تجویز کر دیے گئے ہیں۔ آپ بھی مضمون لکھتے وقت پہلے اسی طرح نکات پر غور کر لیں، پھر مضمون لکھیں:

آغاز: چڑیا گھر کی اہمیت۔ چڑیا گھر کہاں واقع ہے؟ چڑیا گھر میں بچوں کی سیر۔

نفسِ مضمون: چڑیا گھر میں داخلہ۔ چڑیا گھر کا ماحول۔ چڑیا گھر کے جانور۔ جانوروں کی قسمیں۔ چڑیا گھر میں بچوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ چڑیا گھر کی صفائی۔

اختتام: چڑیا گھر سے بچوں کو فائدہ۔ چڑیا گھر سے بڑوں کو فائدہ۔ چڑیا گھر کی کمیاں۔

سمجھنے کی بات

- کسی واقعہ، بات یا موضوع کو ذہن میں رکھ کر خیالات کو ترتیب و تسلسل کے ساتھ تحریری طور پر بیان کرنے کو مضمون نویسی کہتے ہیں۔

خاص باتیں

- مضمون لکھتے وقت کسی موضوع کے الگ الگ پہلوؤں کو الگ الگ پیراگراف میں لکھتے ہیں۔
- مضمون کے تین اجزاء آغاز، نفسِ مضمون اور اختتام کہلاتے ہیں۔
- مضمون کا آغاز بہت دلچسپ اور مؤثر ہونا چاہیے۔
- مضمون کے اختتام کی اہمیت بھی بہت زیادہ ہے۔
- مضمون کے جملوں کا آپس میں ربط ہونا ضروری ہے۔

اپنی جانچ آپ کیجیے:

1۔ مختصر ترین جواب والا سوال:

- مضمون کے اجزا کون کون سے ہیں؟

2۔ مختصر جواب والا سوال

- بیانیہ مضمون کی کوئی دو خصوصیات بتائیے۔

3۔ طویل جواب والا سوال

- ''عید ملن'' پر دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔